بسم اللہ الرحمٰن الرحیم..

تقویٰ اور معاویہ بن ابی سفیان

ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم ((سورہ حجرات آیت 13))

اللہ کے نزدیک تم میں باعزت وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے.

یہ وہ اصول ہے کہ جس کو فراموش کرنا قرآن و دینِ اسلام سے بغاوت ہے. اس فرمان میں نہ کوئی ابہام ہے نہ کوئی اشکال ہے. اللہ سبحانہ و تعالیٰ کسی انسان کو کس رنگ و نسل و قوم و وقت میں پیدا کرتا ہے.اسمیں انسان بے اختیار ہے. یہ انسان توفیقِ الٰہیٰ سے خود کو مقرب بارگاہِ الٰہیٰ بنانے کا اختیار رکھتا ہے. اور اسکا ذریعہ تقویٰ ہے.

جب ہم کسی انسان کے بارے میں دعویٰ کرتے ہیں. کہ وہ اللہ کے بارگاہ میں صاحبِ عزت ہے. تو اسکیلیئے ہمیں اس بات کا ثبوت درکار ہے کہ اس شخص میں تقویٰ موجود ہے. اور اسی ایک لفظ تقویٰ میں اسلام و ایمان شامل ہے. یعنی لازم و ملزوم ہیں...

صحابیت... قرآن و حدیث و اجماع سے صحابہ کی فضیلت ثابت ہے. اسمیں کوئی اختلاف نہیں. لیکن افسوس کہ اس مسئلہ کو علمِ کلام کی نظر کیا گیا. جس کے باعث جنگ و جدال و قتل و قتال و فتویٰ بازی کا بازار گرم ہو گیا. کیونکہ علمِ کلام سے نکلکر یہ موضوع جذباتی موضوع بن گیا. اور پھر جذبات نے سمجھ و اصول پر پردہ حائل کر دیا. اور صرف لفاظی باقی رہ گئی. اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ جب قرآن و حدیث و اجماع سے فضیلتِ اصحاب ثابت ہے تو پھر اختلاف کیا ہے؟ تو اس بات کو باریک بینی سے سمجھنے کیضرورت ہے. اصحاب النبی(ص) کی فضیلت مسلم ہے. لیکن افسوس کہ اس بحث میں وہ عوام شامل ہے کہ جسے صحابیت کی تعریف ہی نہیں آتی.. اور وہ خواص شامل ہیں کہ جو عام و خاص اور خبر و مصداق

کے قوانین کو فراموش کر دیتے ہیں. اور پھر اسی بنیاد پر فتویٰ بازی کرتے ہیں.. جبکہ ان اصولوں کی پاسداری ضروری ہے..

مثال... نبی(ص) فرماتے ہیں. کہ بشارت ہے اس کیلیئے جس نے مجھے دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا اور دو بار بشارت ہے اس کیلیئے جس نے مجھے نہیں دیکھا اور مجھ پر ایمان لایا..

((صحیح ابنِ حبان حکم حافظ زبیر علی زئی . حسن............ صحاح الاحادیث فیما اتفق اهل الحدیث ضیاء الدین المقدسی و ابنِ الکمال و احمد بن عبد الله المقدسی تحقیق حمزه احمد الزین جلد 5 حرف طاء حدیث 19213))

نبی(ص) سے پوچھا گیا یا رسول اللهؐ(ص) کیا ہم سے بھی کوئی بہتر ہے. ہم اسلام لائے. اور آپ(ص) کیساتھ ملکر جہاد کیا. تو نبی(ص) نے فرمایا. ہاں وہ لوگ بہتر ہیں. جو تمھارے بعد آئینگے. اور وہ مجھ پر ایمان لائینگے. حالانکہ انھوں نے مجھے دیکھا نہیں ہو گا..

((مشکات المصابیح حکم حافظ زبیر علی زئی .اسناده حسن.... مستدرک الحاکم ..حکم امام حاکم و امام ذہبی صحیح........... مسند امام احمد بن حنبل.... تحقیق حمزه احمد الزین جلد 13 حدیث 16914 حکم اسناده صحیح.. اور اسے امام ہیثمی نے رجالہ ثقات قرار دیا.............. مسند امام احمد بن حنبل تحقیق شعیب الارناؤط جلد 28 حدیث 16976 حکم حدیث صحیح اور امام ابنِ حجر العسقلانی نے فتح الباری میں اس حدیث کی سند کو حسن قرار دیا.....اور حدیث 16977 اسناده صحیح)).....

اب یہ احادیث ان امتیوں کو صحابہ سے بھی افضل قرار دے رہی ہیں کہ جنھوں نے نبی(ص) کی ذیارت نہیں فرمائی.. ان احادیث میں کوئی شک نہیں.. لیکن آج کوئی شخص یہ دعویٰ کرے کہ وہ اس حدیث کا مصداق ہے. تو یقیناً اسمیں صرف امتی ہونا نہیں دیکھا جائیگا بلکہ ایمان و تقویٰ کی معراج اس حدیث کا مصداق ہونے میں شرطِ اول

ہے.. اور اسکے بعد بھی وہ کبھی یہ دعویٰ نہیں کر سکیگا کہ وہ حضرت ابوزر الغفاری رض و سلمان محمدی رض سے افضل ہے.. تو معلوم ہوا کہ الفاظِ حدیث کو سمجھنے کے اصول ہیں.. اور مصداقِ حدیث قرار سدینے کے بھی اصول ہیں. بہت سی شرائط و تفصیلات ہیں کہ جنکو پیشِ نظر رکھکر ہم مصداق کی تعین کرینگے. اور پھر اسے اس فضیلت کا اھل قرار دینگے..

یعنی انسان اشرف المخلوقات ہے. لیکن یہی انسان کبھی اولئک کالانعام بل ھم اضل کا مصداق بن جاتا ہے. . مسلمان ہونا فضیلت ہے یہی ہمارا نام پسند کیا گیا.. اور مسلمین لک کی دعا جلیل القدر نبی کی قرآن میں موجود ہے. لیکن خوارج مسلمان ہوتے ہوئے بھی اس شان سے خارج ہیں...

المختصر... جب مصادیق پر بحث ہوتی ہے تو وہ اصولوں کے تحت ہوتی ہے..

اصحاب کی تمام تر فضیلت کے سامنے سرِ تسلیم ختم کرتے ہوئے بھی ان احادیث کو فراموش نہیں کیا جا سکتا. جسمیں اللہ کے نبی(ص) فرماتے ہیں. کہ بروزِ حشر حوضِ کوثر پر مجھ سے لوگوں کو جدا کیا جائیگا جب میں کہونگا یہ تو میرے اصحاب ہیں تو جواباً مجھے بتایا جائیگا کہ انھوں نے آپ کے بعد دین کو بدل دیا تھا. ((صحیح بخاری 7049.. صحیح مسلم 5978))... .

نبی(ص) فرماتے ہیں. میرے اصحاب میں کچھ ایسے ہیں کہ جو میری وفات کے بعد نہ مجھکو دیکھینگے اور نہ میں ان کو دیکھونگا ((مسند امام احمد بن حنبل تحقیق حمزہ احمد الزین جلد 18 حدیث 26369 حکم اسنادہ صحیح اور امام ھیثمی نے فرمایا رجالہ رجال الصحیح.. ...... سلسلة الاحادیث الصحیحیہ امام البانی جلد 7 حدیث 2982))... یعنی یہ وہ اصحاب ہیں جو حوضِ کوثر تک بھی نہیں لائے جائینگے...

جب ان اصولوں پر بات کیجاتی ہے تو فوراً اعتراض کرنیوالا ہم پر رافضیت و گستاخِ صحابہ کے فتویٰ لگا کر خود کو سپاہ صحابہ و محافظِ صحابہ قرار دیتا ہے... ہم نہایت ادب سے علمی اصولوں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے معترض سے سوال کرتے ہیں..

کیا صحابہ پر شریعت کا اطلاق نہیں ہوتا.......... کیا صحابہ معصوم عن الخطا ہوتے ہیں...

تو معترض خود اقرار کرتا ہے کہ نہیں صحابہ پر شریعت کا اطلاق بھی ہوتا ہے اور صحابہ معصوم بھی نہیں ہوتے.

تو ہم معترض سے مزید سوال کرتے ہیں..

کیا صحابہ نے کبھی کوئی گناہ نہیں کیا.......... کیا اس گناہ کو گناہ کہنا ہمارا گناہ ہے...

تو معترض عجیب سا جواب دیتا ہے..وہ کہتا ہے..صحابہ نے نفسانی خواھشات میں بہک کر گناہ نہیں کیئے. ہاں اجتہادی خطائیں ہوئی ہیں.. اور ہمیں ان کے بارے میں بھی سکوت کرنا چاھیئے..

ہم معترض سے پوچھتے ہیں.. کیا نبی(ص) نے اصحاب پر حدود جاری نہیں کیں....... کیا حدود گناہ کبیرہ پر نہیں جاری ہوتیں.........

معترض کہتا ہے کہ حدود جاری فرمائی ہیں....اور گناہ کبیرہ پر ہی حدود جاری ہوتی ہیں...

تو ہم کہتے ہیں کہ معترض نے تو نبی(ص) پر اعتراض کر دیا. اور معاز اللہ نبی(ص) کومقامِ صحابیت کا عارف نہیں جانا.. کیونکہ نبی(ص) نے حدود جاری کر کے اصول دیدیا. کہ گناہ گناہ ہوتا ہے. صحابی کو گناہ کرنے کی کوئی اجازت نہیں ہے.. اور اگر وہ گناہ کرے تو اسکیلیئے وہی قانون ہے جو غیرِ صحابی کیلیئے ہے...

نبی(ص) نے فرمایا کہ اگر فاطمہ(سلام اللہ علیھا) بھی چوری کریں تو میں انکا ہاتھ کاٹ دوں((بخاری 6787))...

کون فاطمہ(سلام اللہ علیہا).. جو آیتِ تطہیر کی مصداق ہیں.. جو آیتِ مباھلہ کی مصدق ہیں. جو آیت صلوات میں شامل ہیں. جنکی محبت ایمان ہے. جو جنت کی خواتین کی سردار ہیں.. وہ بھی گناہ کریں تو شریعت کا حکم جاری ہو گا... کیونکہ دین اللہ کا ہے.. اور اللہ سے بزرگ و برتر کوئی نہیں.. سب اسکے عبد ہیں.

ثابت ہوا کہ معترض نبی(ص) کی تعلیمات پر نہیں ہے.. بلکہ ان تعلیمات کو اصحاب کی گستاخی سمجھتا ہے. اور اس گستاخی پر بھی اتنا دلیر ہے کہ ان تعلیمات کو بیان کرنے والے پر بھی فتوے لگاتا ہے.. اگر دقعتِ نظر سے دیکھا جائے تو معترض نبی(ص) پر فتوے لگا رہا ہے((معاز اللہ)).....

تو اب سوال ہے کہ معترض ہمیں نبی(ص) کی تعلیمات سے ہٹا کر آخر کس راستے پر لے کر جانا چاھتا ہے. تو آیئے یہاں وہ منہج دیکھتے ہیں. کہ جس منہج پر معترض ہمیں لے جانا چاھتا ہے. .

ولید بن عقبہ بن ابی معیط... حضرت عبد اللہ بن مسعود رض فرماتے ہیں کہ جب نبی(ص) نے عقبہ کو قتل کرنیکا ارادہ فرمایا تو اسنے کہا میرے بچوں کا کفیل کون ہو گا.تو نبی(ص) نے فرمایا آگ..

((سنن ابی داؤد حدیث 2686 حکم امام البانی حسن صحیح.. شعیب الارناؤط. صحیح))..

اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا کلام ہے. جب کوئی فاسق خبر دے تو آپ اسکی اچھی طرح تحقیق کر لو. ((سورہ حجرات)).. اس آیت کی تفسیر میں صلاح الدین یوسف فرماتے ہیں. کہ اکثر مفسرین کے نزدیک اس آیت میں فاسق سے مراد ولید بن عقبہ ہے..لیکن سند و امرِ واقعہ دونوں اعتبار سے یہ روایت صحیح نہیں ہے. اسلیئے صحابی پر چسپاں کرنا صحیح نہیں ہے.((احسن البیان علامہ صلاح الدین یوسف صاحب))..

جبکہ یہ روایت مسند امام احمد بن حنبل تحقیق حمزہ احمد الزین جلد 14 روایت 18371 ہے. حکمِ سند ...اسنادہ صحیح و قال امام ھیثمی رجال احمد ثقات))..

یہ وہی ولید بن عقبہ ہیں. جو کوفہ کے گورنر تھے. اور شراب پی کر صبح کی نماز پڑھائی. اور دو رکعت نماز پڑھانے کے بعد پوچھا کیا اور پڑھا دوں.یہ شکایت و گواھیاں حضرت عثمان رض کے پاس جب مدینہ پہنچیں تو انہوں نے ولید بن عقبہ پر حد جاری فرمائی..((صحیح المسلم حدیث 4457))..

اسی حدیث کے ذیل میں کتاب کے مترجم و محشی جناب پروفیسر محمد یحیٰ سلطان محمد جلالپوری صاحب فرماتے ہیں.. کہ اس واقع کی حقیقت طبری کی روایات سے معلوم ہوتی ہے. اور وہ یہ ہے کہ ولید بن عقبہ پر شراب پینے کا الزام جھوٹا تھا. یہ لوگ حضرت عثمان رض کو پسند نہیں کرتے تھے. اور امت میں انتشار پیدا کرنے لگے تھے..اور علی علیہ السلام بھی ان شر انگیزیوں سے واقف تھے. اسی لیئے حد جاری کرنے میں تردد فرمایا..((یعنی اصلاً ولید بن عقبہ نے شراب نوشی نہیں کی. بلکہ ان کے گواھان جھوٹے تھے. اور یہ سب کام حضرت عثمان رض کی حکومت سے ناراضگی و فتنہ پروری کی بنیاد پر کیا جا رہا تھا))...

جائزہ..... اب ہم ذرا اس محقق کے بیان کا اندازہ لگاتے ہیں. کہ جب مسلم کی روایت سے ولید بن عقبہ کا گناہ عیاں ہوا تو انہوں نے کس طرح ولید بن عقبہ کو اس گناہ سے بری ثابت کیا.. اور ولید بن عقبہ کے گناہ کی ذمہ داری ایک گروہ پر ڈالی.. پھر اس گروہ کو شر انگیزی کا فتویٰ بھی دیا. تو آخر طبری میں اس روایت کی حیثیت کیا ہے...

امام طبری کتب الی السری عن شعیب عن سیف عن عبید عن ابی عبید الایازی کہ دو اشخاص نے ولید بن عقبہ کی انگوٹھی چرائی اور پھر

حضرت عثمان رض کے پاس مدینہ آ کر ولید بن عقبہ کی شراب نوشی پر گواھی دیدی.((تاریخ الطبری)).....

راویان..... سری .. امام طبری نے ان سے روایت کی ہے. اب اس سری سے کون مراد ہیں. اور انکا زمانہ کیا تھا. کیا وہ شعیب سے متصل روایت نقل کر سکتے ہیں. اور کیا بذاتِ خود وہ ثقہ ہیں.. اس پر تحقیق کی ضرورت ہے.. لیکن یہاں اگر سری بن یحیٰ بن ایاس البصری مراد ہیں تو وہ ثقہ ہیں اور انکی وفات 168 ھجری میں ہوئی ہے. ((تقریب التہذیب)) ... اور امام طبری کی ولادت 224 ھجری میں ہوئی ہے.. یعنی سری بن یحیٰ کی وفات کے 56 سال بعد امام طبری پیدا ہوئے.. اس لحاظ سے روایت منقطع ہے...

پھر دوسرے راوی شعیب بن ابراھیم الکوفی ہیں. جو مجھول ہیں.((میزان الاعتدال راوی 3709)).

تیسرے راوی سیف بن عمر ہیں.. جو کہ بالاتفاق ضعیف و متروک ہیں. اور سنن الترمذی کی تحکیم میں حافظ زبیر علی زئی ایک روایت کے ذیل میں فرماتے ہیں.. کہ سیف بن عمر حدیث میں ضعیف ہے. اور راجح قول یہ ہے کہ تاریخ میں بھی یہ ضعیف ہیں...

یہ ہے اس روایت کی حالت ..اب ایک صحیح مسلم کی صحیح السند روایت کے مقابلے میں ولید بن عقبہ کا اس ضعیف و منقطع روایت سے دفاع کرنا کہاں کا انصاف ہے...

المختصر....معترض ہمیں اس منہج پر لانا چاھتا ہے.. کہ جب معترض کی کسی آئیڈیل شخصیت کے کسی گناہ کا زکر ہو تو فوراً دفاعی پہلو اختیار کیا جائے.. اور سند و متن پر اعتراض کیا جائے.. جس جگہ سند و متن پر اعتراض ممکن نہ ہو تو وہاں ضعیف الاسناد روایات سے کہانی کا رخ موڑ کر دفاع کیا جائے... یہ ضرور ہے کہ

صحابہ معصوم نہیں ہیں.. لیکن پھر بھی انکے کسی گناہ کو ثابت نہ ہونے دیا جائے.. ہر ممکن تاویل کیجائے..

اللہ کا شکر ہے کہ ہم نبی(ص) کے منہج پر ہیں.. جہاں شخصیت پرستی کا نام نہیں. عدل و انصاف و حدودِ شریعت کی پاسداری ہی دین ہے..
.

معترض کہتا ہے کہ اگر اس صحابی کا گناہ ثابت ہو ہی گیا تو آپ حکم نہ لگاؤ بلکہ سکوت اختیار کرو. ہم نے پوچھا کہ اگر ہم حکم لگائینگے تو کیا ہو گا.. تو معترض بولا کہ پھر تم رافضی ہو. گستاخ و دشمنانِ صحابہ ہو.. کمال ہے معترض نے ایک ہی محفل میں سکوت کو اپنا منہج بنایا اور اسی محفل میں سکوت کو چھوڑ کر حکم بھی لگایا.. یعنی ولید بن عقبہ کا ثابت شدہ گناہ بیان کرنے پر ہم پر فتویٰ لگایا جا رہا ہے. اور ولید بن عقبہ پر سکوت اختیار کیا جا رہا ہے.. اگر حکم لگانا ہے تو سب پر لگاؤ.. اگر سکوت کرنا ہے تو سب پر کرو..

جلد نمبر-3

الداعی الی الخیر: نو جوانانِ اہلسُنت اسلام آباد (پاکستان)

مِشکوٰۃ المصابیح

مع الإکمال في اسماء الرجال

تالیف: امام ولی الدین محمد بن عبداللہ الخطیب التبریزی رحمہ اللہ



ترجمہ
ابو انس محمد سرور گوھر

نظرثانی
شیخ الحدیث ابو محمد حافظ عبدالستار الحماد

تحقیق وتخریج
حافظ زبیر علی زئی

مکتبہ اسلامیہ

کریں گے اور وہ فتنے والوں سے قتال کریں گے۔'' امام بیہقی نے ان دونوں حدیثوں کو دلائل النبوۃ میں روایت کیا ہے۔

٦٢٩٠: وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: ((طُوْبٰی لِمَنْ رَاٰنِیْ، وَطُوْبٰی سَبْعَ مَرَّاتٍ لِمَنْ لَّمْ یَرَنِیْ

❶ **إسناده ضعيف**، رواه البيهقي في دلائل النبوة (٦/ ٥٤٨) ☆ والمغيرة بن قيس: ذكره ابن حبان في الثقات (٩/ ١٦٨) و قال أبو حاتم الرازي: "منكر الحديث" (الجرح والتعديل ٨/ ٢٢٨) و الجرح فيه مقدم۔

❷ **إسناده ضعيف**، رواه البيهقي في دلائل النبوة (٦/ ٥١٣) ☆ السند حسن إلى عبد الرحمٰن بن العلاء الحضرمي و ذكره ابن حبان في الثقات (٥/ ١٠٠) وحده فهو مجهول الحال۔

وَاٰمَنَ بِیْ)). رَوَاهُ اَحْمَدُ ❶

۶۲۹۰: ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اس شخص کے لیے بشارت ہے جس نے (حالت ایمان میں) مجھے دیکھا اور اس شخص کے لیے سات مرتبہ بشارت ہے جس نے مجھے دیکھا نہیں لیکن وہ مجھ پر ایمان لایا۔''

٦٢٩١: وَعَنِ ابْنِ مُحَيْرِيْزٍ، قَالَ: قُلْتُ لِاَبِیْ جُمُعَةَ رَجُلٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ: حَدِّثْنَا حَدِيْثًا سَمِعْتَهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: نَعَمْ اُحَدِّثُكُمْ حَدِيْثًا جَيِّدًا تَغَدَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَمَعَنَا اَبُوْعُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! اَحَدٌ خَيْرٌ مِّنَّا؟ اَسْلَمْنَا، وَجَاهَدْنَا مَعَكَ، قَالَ: ((نَعَمْ، قَوْمٌ يَّكُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِكُمْ يُؤْمِنُوْنَ بِیْ وَلَمْ يَرَوْنِیْ)). رَوَاهُ اَحْمَدُ، وَالدَّارِمِیُّ ❷

وَرَوٰی رَزِيْنٌ، عَنْ اَبِیْ عُبَيْدَةَ مِنْ قَوْلِهٖ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! اَحَدٌ خَيْرٌ مِّنَّا اِلٰی...... اٰخِرِهٖ.

۶۲۹۱: ابن محیریز رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں، میں نے صحابہ میں سے ایک آدمی ابو جمعہ سے کہا: ہمیں ایک ایسی حدیث بیان کریں جو آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہو، انہوں نے کہا، ٹھیک ہے، میں تمہیں ایک اچھی سی حدیث سناتا ہوں، ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کھانا کھایا، ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ بھی ہمارے ساتھ تھے، انہوں نے عرض کیا، اللہ کے رسول! کیا ہم سے بھی کوئی بہتر ہے؟ ہم نے اسلام قبول کیا اور آپ کے ساتھ مل کر جہاد کیا، آپ ﷺ نے فرمایا: ''ہاں وہ لوگ جو تمہارے بعد آئیں گے اور وہ مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ انہوں نے مجھے دیکھا نہیں۔''

اور رزین نے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ سے روایت کیا ہے، انہوں نے کہا: اللہ کے رسول! کیا کوئی ہم سے بہتر ہے؟ آخر حدیث تک۔

٦٢٩٢: وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: ((اِذَا فَسَدَ اَهْلُ الشَّامِ فَلَا خَيْرَ فِيْكُمْ، وَلَا يَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِیْ مَنْصُوْرِيْنَ لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ حَتّٰی تَقُوْمَ السَّاعَةُ)). قَالَ ابْنُ الْمَدِيْنِیِّ: هُمْ اَصْحَابُ الْحَدِيْثِ. رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ، وَقَالَ: هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ. ❸


۶۲۹۲: معاویہ بن قرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں، انہوں نے کہا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جب اہل شام خراب ہو جائیں تو پھر تم میں (وہاں رہنے یا اس طرف جانے میں) کوئی بہتری نہیں ہوگی، میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ غالب رہے گا، انہیں بے یارو مددگار چھوڑ دینے والا ان کا کوئی نقصان نہیں کرے گا حتیٰ کہ قیامت قائم ہو جائے۔'' ابن المدینی نے فرمایا: وہ اصحاب الحدیث ہیں۔ ترمذی، اور انہوں نے فرمایا: یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

---

❶ **سنده ضعيف**، أحمد (٥/ ٢٤٨ ح ٢٢٤٩٠، ٥/ ٢٥٧) ☆ فيه قتادة مدلس و عنعن عن أيمن بن مالك الأشعري و له طريق آخر ضعيف عند ابن حبان (الموارد: ٢٣٠٣) و حديث ابن حبان (الموارد: ٢٣٠٢) بلفظ: "طوبى لمن رآني وآمن بي وطوبى ثم طوبى لمن آمن بي و لم يرني" وسنده حسن فهو يغني عنه۔

❷ **حسن**، رواه أحمد (٤/ ١٠٦ ح ١٧١٠٢) و الدارمي (٢/ ٣٠٨ ح ٢٧٤٧) و رزين (لم أجده) [وصححه الحاكم (٤/ ٨٥) ووافقه الذهبي و سنده حسن]۔

❸ **إسناده صحيح**، رواه الترمذي (٢١٩٢)۔



سنن أبي داود
تصنيف
أبي داود سليمان بن الأشعث السجستاني
(٢٠٢ - ٢٧٥ هـ)
حكم على أحاديثه وآثاره وعلق عليه
العلامة المحدث محمد ناصر الدين الألباني
اعتنى به
أبو عبيدة مشهور بن حسن آل سلمان
مكتبة المعارف للنشر والتوزيع
الرياض
محمد ناصر الدين الألباني
سنن أبي داود
مكتبة المعارف للنشر والتوزيع

١٢٨ ـ باب في قَتْل الأسير صَبْرًا

٢٦٨٦ ـ (حسن صحيح) حدثنا علي بن الحسين الرقِّي، [قال]: ثنا عبد الله بن جعفر الرقِّي، قال: أخبرني عُبيد الله بن عَمرو، عن زيد بن أبي أُنيسة، عن عمرو بن مرّة، عن إبراهيم قال: أراد الضحاك بن قيس أن يَستعمل مسروقاً، فقال له عُمارة بن عُقبة: أتستعملُ رجلاً من بقايا قَتَلة عثمان؟ فقال له مسروق: حدثنا عبد الله بن مسعود ـ وكان في أنفسنا موثوق الحديث ـ أن النبي ﷺ لما أراد قتل أبيك قال: مَنْ للصِّبْيَة؟ قال: «النار!» فقد رضيت لك ما رضي لك رسول الله ﷺ.

١٢٩ ـ باب في قتل الأسير بالنبل

٢٦٨٧ ـ (ضعيف) حدثنا سعيد بن منصور، [قال]: ثنا عبد الله بن وهب، قال: أخبرني عمرو بن الحارث، عن بُكير [ابن عبدالله] بن الأشج، عن ابن تِعْلَى قال: غزونا مع عبد الرحمن بن خالد بن الوليد، فأُتِيَ بأربعة أعلاج من العدو، فأمر بهم فقُتلوا صبراً. قال أبو داود: قال لنا غير سعيد عن ابن وهب في هذا الحديث، قال: بالنَّبل صبراً، فبلغ ذلك أبا أيوب الأنصاري، فقال: سمعت رسولَ الله ﷺ ينهى عن قتل الصبر، فوالذي نفسي بيده لو كانت دجاجةٌ ما صَبرتُها، فبلغ ذلك عبد الرحمن بن خالد بن الوليد فأعتقَ أربعَ رقاب.

١٣٠ ـ باب في المَنِّ على الأسير بغير فداء

٢٦٨٨ ـ (صحيح) حدثنا موسى بن إسماعيل، ثنا حماد، قال: أنا ثابت، عن أنس، أن ثمانين رجلاً من أهل مكة هَبَطوا على النبي ﷺ وأصحابِه من جبال التنعيم عند صلاة الفجر ليقتلوهم، فأخذهم رسول الله ﷺ سِلْماً، فأعتقهم رسول الله ﷺ، فأنزل الله عز وجل: ﴿وَهُوَ الَّذِي كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ عَنْهُم بِبَطْنِ مَكَّةَ﴾ إلى آخر الآية. [م].

٢٦٨٩ ـ (صحيح) حدثنا محمد بن يحيى بن فارس، قال: ثنا عبد الرزاق، قال: أنا معمر، عن الزهري، عن محمد بن جبير بن مُطعِم، عن أبيه، أن النبي ﷺ قال لأُسارى بدر: «لو كان مُطعم بنُ عديّ حياً ثم كلَّمني في هؤلاء النَّتْنَى لأطلقتهم له». [خ].

١٣١ ـ باب في فداء الأسير بالمال

٢٦٩٠ ـ (حسن صحيح) حدثنا أحمد بن محمد بن حنبل، قال: ثنا أبو نوح، قال: أنا عكرمة بن عمار، قال: ثنا سِمَاك الحنفي، قال: ثني ابن عباس، قال: ثني عمر بن الخطاب قال: لما كان يوم بدر فأَخَذَ ـ يعني النبي ﷺ ـ الفداءَ أنزل الله عز وجل ﴿مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَن يَكُونَ لَهُ أَسْرَى حَتَّى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ﴾ إلى قوله ﴿لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ﴾ من الفداء، ثم أحلَّ الله[1] لهم الغنائم. [م].

قال أبو داود: سمعت أحمد بن حنبل يسأل[2] عن اسم أبي نوح، فقال: أيش[3] تصنع[4] باسمه؟ اسمه اسم

---

(١) في «نسخة». (منه).

(٢) في «نسخة»: «سُئِلَ». (منه).

(٣) في «نسخة»: «أي شيء». (منه).

(٤) في «نسخة»: «يصنع». (منه).

ذخیرۂ الفاظِ حدیث نبوی ﷺ پر مشتمل
اُردو زبان میں سب سے جامع کتاب

لغات الحدیث

عربی۔ اُردو



جلد: اوّل

حضرت علامہ وحید الزماں رحمۃ اللہ علیہ

نعمانی کتب خانہ

میں دفن نہ کرنا ایسا نہ ہو کہ لوگ میرے بعد مجھ کو اور بیویوں پر فضلیت دیں اور خیال کریں کہ حضرت عائشہؓ کا مرتبہ دوسری امہات سے زیادہ تھا جب ہی تو آنحضرتؐ کے ساتھ دفن ہوئیں اور دوسری بیویاں بقیع میں دفن ہوئیں- سبحان اللہ اس کسر نفسی اور تواضع کا کیا کہنا)-

ثُمَّ سَلْهَا اَنْ اُدْفَنَ مَعَ صَاحِبَیَّ- جب میرا جنازہ تیار ہو تو حضرت عائشہؓ کے حجرے پر لے جانا اور ان سے اجازت مانگنا کہ میں اپنے دونوں ساتھیوں (یعنی آنحضرتؐ اور ابوبکر صدیقؓ کے پاس دفن ہو جاؤں اگر وہ یعنی حضرت عائشہؓ اجازت دے دیں تو خیر ورنہ مجھ کو مسلمانوں کے قبرستان یعنی بقیع میں دفن کر دینا- یہ حضرت عمرؓ نے اپنی شہادت کے وقت فرمایا)-

اَمَّا اِبْرَاهِیْمُ فَانْظُرُوْا اِلٰی صَاحِبِکُمْ- حضرت ابراہیمؑ کی صورت دیکھنا چاہتے ہو تو اپنے صاحب (یعنی مجھ) کو دیکھو (وہ آنحضرتؐ کے شبیہ تھے)-

قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ قُلْ اِنْشَاءَ اللّٰهُ- (حضرت سلیمان کے ساتھی فرشتے یا جن یا) مصاحب نے کہا انشاء اللہ تو کہو (جب انہوں نے یہ کہا کہ آج رات کو میں اپنی سو عورتوں سے صحبت کروں گا اور ہر ایک سے ایک لڑکا پیدا ہوگا جو اللہ کی راہ میں جہاد کرے گا)-

لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِیْ- میرے اصحاب کو برا نہ کہو (خطاب ہے حاضرین کی طرف حالانکہ حاضرین بھی اصحاب تھے یا اس وقت اس طرح فرمانے سے مسلمانوں کی آئندہ نسلوں میں احترام صحابہؓ کے جذبات کو بیدار کرنا مقصود ہوگا- حافظ نے کہا اصحابی سے یہاں بعض خاص اصحاب مراد ہیں اور خطاب خالد بن ولید اور باقی صحابہ کی طرف ہے کیونکہ یہ حدیث آپؐ نے اس وقت فرمائی جب خالد بن ولیدؓ نے عبدالرحمٰن بن عوف کو برا کہا- میں کہتا ہوں کہ یہی صحیح ہے) (مجمع البحار میں ہے کہ اصطلاح شرع میں صحابی اس مسلمان کو کہتے ہیں جو آنحضرتؐ کی صحبت میں رہا یا بہ حالت بیداری آپؐ کو اپنی آنکھ سے دیکھا اور اس کا خاتمہ ایمان پر ہوا- اور لغت کی رو سے تو صاحب مطلق ساتھی کو کہتے ہیں خواہ مومن ہو یا کافر عادل ہو یا فاسق)-

ثُمَّ صَحِبْتَ صَحَبَتَهُمْ- پھر آپ ان کے ساتھیوں کی صحبت میں رہے-

لَیَرِدَنَّ عَلَی الْحَوْضِ رِجَالٌ مِّمَّنْ صَحِبَنِیْ وَرَاٰنِیْ فَیُؤْخَذُ بِهِمْ ذَاتَ الشِّمَالِ فَاَقُوْلُ رَبِّ اَصْحَابِیْ اَصْحَابِیْ وَ فِیْ لَفْظٍ اُصَیْحَابِیْ فَیُقَالُ لَا تَدْرِیْ مَا اَحْدَثُوْا بَعْدَكَ- کچھ لوگ قیامت کے دن حوض کوثر پر آئیں گے یہ ان لوگوں میں سے ہوں گے جو میری صحبت میں رہے مجھ کو دیکھا فرشتے ان کو بائیں جانب والوں میں (دوزخیوں میں) لے جائیں گے- (یہ دیکھ کر) میں عرض کروں گا پروردگار یہ تو میرے اصحاب ہیں میرے اصحاب ہیں (یا یہ تو میرے چند اصحاب ہیں تصغیر قلت کے لیے ہے) پھر مجھ کو جواب ملے گا تم نہیں جانتے جو کن انہوں نے تمہارے بعد کیے (اسلام سے پھر گئے مرتد ہو گئے- مراد وہ لوگ ہیں جو مسلیمہ کذاب اور اسود عنسی کے تابع ہو گئے تھے)-

اِنَّ مِنْ اَصْحَابِیْ مَنْ لَّا اَرَاهُ وَلَا یَرَانِیْ بَعْدَ اَنْ اَمُوْتَ اَبَدًا- میرے اصحاب میں سے بعض ایسے ہیں کہ میری وفات کے بعد نہ میں ان کو دیکھوں گا نہ وہ مجھ کو دیکھیں گے (یہ حدیث سن کر حضرت عمرؓ فی الفور حضرت ام سلمہؓ کے پاس آئے اور کہنے لگے: تم کو خدا کی قسم کیا میں بھی ان اصحاب میں سے ہوں؟ انہوں نے کہا نہیں اور اب تمہارے بعد میں کسی کو ایسا نہ کہوں گی (اس کی برات بیان نہ کروں گی کیونکہ اللہ ہی خوب جانتا ہے کہ وہ ان میں سے ہے یا نہیں)-

اِیَّاكَ وَ صَاحِبَ السُّوْءِ- تو برے ساتھی سے بچا رہ-

اِنَّ اللّٰهَ اخْتَارَنِیْ وَاخْتَارَ لِیْ اَصْحَابًا- اللہ نے مجھ کو منتخب فرمایا اور میرے لیے ساتھیوں کو بھی چنا-

اَصْحَابِیْ کَالنُّجُوْمِ بِاَیِّهِمْ اِقْتَدَیْتُمْ اِهْتَدَیْتُمْ یا اِنَّمَا اَصْحَابِیْ مِثْلُ النُّجُوْمِ فَاَیُّهُمْ اَخَذْتُمْ بِقَوْلِهٖ اِهْتَدَیْتُمْ- میرے اصحاب ستاروں کی طرح ہیں تم ان میں سے جس کی پیروی کرو گے تو ہدایت پاؤ گے (گمراہ نہ ہو گے یہ حدیث ضعیف اور منکر ہے بلکہ بعض نے اس کو موضوعات میں شمار کیا ہے اور اس کا مطلب بھی صحیح نہیں ہو سکتا- اس کے موضوع ہونے کی

وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵

اگر یہ لوگ یہاں تک صبر کرتے کہ آپ خود سے نکل کر ان کے پاس آجاتے تو یہی ان کے لئے بہتر ہوتا (۱) اور اللہ غفور و رحیم ہے۔ (۲)

۵۔ ۱ یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نکلنے کا انتظار کرتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو آواز دینے میں جلدی نہ کرتے تو دین اور دنیا دونوں لحاظ سے بہتر ہوتا۔

۵۔ ۲ اس لیے مواخذہ نہیں فرمایا بلکہ آئندہ کے لیے ادب و تعظیم کی تاکید بیان فرمادی۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَاۗءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰي مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝۶

اے مسلمانو! اگر تمہیں کوئی فاسق خبر دے تو تم اس کی اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو (۱) ایسا نہ ہو کہ نادانی میں کسی قوم کو ایذا پہنچا دو پھر اپنے لئے پریشانی اٹھاؤ۔

٦۔ ۲ یہ آیت اکثر مفسرین کے نزدیک حضرت ولید بن عقبہ رضی اللہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو المصطلق کے صدقات وصول کرنے کے لیے بھیجا تھا لیکن انہوں نے آکر یوں ہی رپورٹ دے دی کہ انہوں نے زکوۃ دینے سے انکار کر دیا جس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے خلاف فوج کشی کا ارادہ فرمالیا تاہم پھر پتہ لگ گیا کہ یہ بات غلط تھی اور ولید رضی اللہ عنہ تو وہاں گئے ہی نہیں لیکن سند اور امر واقعہ دونوں اعتبار سے یہ روایت صحیح نہیں ہے اس لیے اسے ایک صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر چسپاں کرنا صحیح نہیں ہے تاہم شان نزول کی بحث سے قطع نظر اس میں ایک نہایت ہی اہم اصول بیان فرمایا گیا ہے جس کی انفرادی اور اجتماعی دونوں سطحوں پر نہایت اہمیت ہے ہر فرد اور ہر حکومت سے تو پہلے اس کی تحقیق کی جائے تاکہ غلط فہمی میں کسی کے خلاف کوئی کاروائی نہ ہو۔

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۭ لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝۷

اور جان رکھو کہ تم میں اللہ کے رسول موجود ہیں (۱) اگر وہ تمہارا کہا کرتے رہے بہت امور میں تو تم مشکل میں پڑ جاؤ لیکن اللہ تعالٰی نے ایمان کو تمہارے دلوں میں زینت دے رکھی ہے اور کفر کو اور گناہ کو اور نافرمانی کو تمہاری نگاہوں میں ناپسندیدہ بنا دیا ہے، یہی لوگ راہ یافتہ ہیں۔

المسند

للإمام

أحمد بن محمد بن حنبل

١٦٤ - ٢٤١

شرحه وصنع فهارسه

حمزة أحمد الزين

الجزء الرابع عشر

من الحديث ١٧٨٤٥

إلى الحديث ١٩٥٧٤

دار الحديث

القاهرة


﴿ حديث الحرث بن ضرار الخزاعي رضى الله تعالى عنه[٣] ﴾

١٨٣٧١ـ **حدثنا** محمد بن سابق ثنا عيسى بن دينار ثنا أبي سمع الحرث بن ضرار الخزاعي قال: قدمت على رسول الله ﷺ فدعاني إلى الإسلام فدخلت فيه وأقررت به فدعاني إلى الزكاة فأقررت بها وقلت يا رسول الله أرجع إلى قومي فأدعوهم إلى الإسلام وأداء الزكاة فمن استجاب لي جمعت زكاته فيرسل إلى رسول الله ﷺ رسولا بأن كذا وكذا ليأتيك ما جمعت من الزكاة فلما جمع الحرث الزكاة ممن استجاب له وبلغ الأبان الذي أراد رسول الله ﷺ أن يبعث إليه احتبس عليه الرسول فلم يأته فظن الحرث أنه قد حدث فيه سخطة من الله عز وجل ورسوله فدعا بسروات قومه فقال لهم إن رسول الله ﷺ كان وقت لي وقتا يرسل إليّ رسوله ليقبض ما كان عندي من الزكاة وليس من رسول الله ﷺ الخلف ولا أرى حبس رسوله إلا من سخطة كانت فانطلقوا فنأتي رسول الله ﷺ، وبعث رسول الله ﷺ الوليد بن عقبة إلى الحرث ليقبض ما كان عنده مما جمع من الزكاة فلما أن سار الوليد حتى بلغ بعض الطريق فرق فرجع فأتى رسول الله ﷺ وقال يا رسول الله ﷺ إن الحرث منعني الزكاة وأراد قتلي فضرب رسول الله ﷺ البعث إلى الحرث فأقبل الحرث بأصحابه إذ استقبل البعث وفصل من المدينة لقيهم الحرث فقالوا هذا الحرث فلما غشيهم قال لهم إلى من بعثتم؟ قالوا: إليك قال: ولم؟ قالوا: إن رسول الله ﷺ كان بعث إليك الوليد بن عقبة فزعم أنك منعته الزكاة وأردت قتله قال: لا والذي بعث محمدا بالحق ما رأيته بتة ولا أتاني فلما دخل الحرث على رسول الله ﷺ قال: «منعت الزكاة

(١٨٣٧١) **إسناده صحيح**، رجاله ثقات تقدموا قبل قليل والحديث رواه الطبري في تفسير سورة الحجرات ١٣٣/٢٦ ونقلها عنه أئمة التفسير كلهم من بعده. وقال الهيثمي ١٠٨/٧ ـ ١٠٩ رجال أحمد ثقات.

سخطة من الله عز وجل ورسوله قال فنزلت الحجرات ﴿ يا أيها الَّذينَ آمنُوا إنْ جَاءكُمْ فَاسِقٌ نبأ فتَبيَّنوا أنْ تُصيبُوا قَوماً بجَهالة فتُصبحُوا على مَافَعلتُم نادمين ﴾ إلى هذا المكان ﴿ فَضْلاً منَ الله ونعمةً واللهُ عَليمٌ حكيمٌ ﴾.

﴿ حديث الجراح وأبي سنان الأشجعيين رضي الله تعالى عنهما[١] ﴾


حدیث [redacted] سے 4971 تک
کتاب النکاح - کتاب الإمارة
www.KitaboSunnat.com
صحیح مُسلم
(اُردو)
3
اِمام مُسلم بن حجاج نیشاپوری رحمہ اللہ
ترجمہ و مختصر فوائد
پروفیسر محمد یحییٰ سلطان محمود جلالپوری
دار السلام
DARUSSALAM

مَوْلَى ابْنِ عَامِرٍ الدَّانَاجِ: حَدَّثَنَا حُضَيْنُ بْنُ الْمُنْذِرِ أَبُو سَاسَانَ قَالَ: شَهِدْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ أُتِيَ بِالْوَلِيدِ قَدْ صَلَّى الصُّبْحَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: أَزِيدُكُمْ؟ فَشَهِدَ عَلَيْهِ رَجُلَانِ: أَحَدُهُمَا حُمْرَانُ؛ أَنَّهُ شَرِبَ الْخَمْرَ وَشَهِدَ آخَرُ؛ أَنَّهُ رَآهُ يَتَقَيَّأُ، فَقَالَ عُثْمَانُ: إِنَّهُ لَمْ يَتَقَيَّأْ حَتَّى شَرِبَهَا، فَقَالَ: يَا عَلِيُّ! قُمْ فَاجْلِدْهُ، فَقَالَ عَلِيٌّ: قُمْ، يَا حَسَنُ! فَاجْلِدْهُ. فَقَالَ الْحَسَنُ: وَلِّ حَارَّهَا مَنْ تَوَلَّى قَارَّهَا فَكَأَنَّهُ وَجَدَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: قُمْ يَا عَبْدَ اللهِ بْنَ جَعْفَرٍ! قُمْ فَاجْلِدْهُ، فَجَلَدَهُ، وَعَلِيٌّ يَعُدُّ حَتَّى بَلَغَ أَرْبَعِينَ، فَقَالَ: أَمْسِكْ، ثُمَّ قَالَ: جَلَدَ النَّبِيُّ ﷺ أَرْبَعِينَ، وَأَبُو بَكْرٍ أَرْبَعِينَ، وَعُمَرُ ثَمَانِينَ، وَكُلٌّ سُنَّةٌ، وَهٰذَا أَحَبُّ إِلَيَّ.

نے حدیث بیان کی: ہمیں ابو ساسان حُضین بن منذر نے حدیث بیان کی، انھوں نے کہا: میں حضرت عثمان بن عفان ؓ کے پاس حاضر ہوا، ان کے پاس ولید (بن عقبہ بن ابی معیط) کو لایا گیا، اس نے صبح کی دو رکعتیں پڑھائیں، پھر کہا: کیا تمھیں اور (نماز) پڑھاؤں؟ تو دو آدمیوں نے اس کے خلاف گواہی دی۔ ان میں سے ایک حمران تھا (اس نے کہا) کہ اس نے شراب پی ہے اور دوسرے نے گواہی دی کہ اس نے اسے (شراب کی) قے کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ اس پر حضرت عثمان ؓ نے کہا: اس نے شراب پی ہے تو (اس کی) قے کی ہے۔ اور کہا: علی! اٹھو اور اسے کوڑے مارو۔ تو حضرت علی ؓ نے کہا: حسن! اٹھیں اور اسے کوڑے ماریں۔ حضرت حسن ؓ نے کہا: اس (خلافت) کی ناگوار باتیں بھی انھی کے سپرد کیجیے جن کے سپرد اس کی خوش گوار ہیں۔ تو ایسے لگا کہ انھیں ناگوار محسوس ہوا ہے، تب انھوں نے کہا: عبداللہ بن جعفر! اٹھو اور اسے کوڑے مارو۔ تو انھوں نے اسے کوڑے لگائے اور حضرت علی ؓ شمار کرتے رہے حتی کہ وہ چالیس تک پہنچے تو کہا: رک جاؤ۔ پھر کہا: نبی ﷺ نے چالیس کوڑے لگوائے، ابوبکر ؓ نے چالیس لگوائے اور عمر ؓ نے اسی (کوڑے) لگوائے، یہ سب سنت ہیں اور یہ (چالیس کوڑے لگانا) مجھے زیادہ پسند ہے۔

زَادَ عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ فِي رِوَايَتِهِ: قَالَ إِسْمَاعِيلُ: وَقَدْ سَمِعْتُ حَدِيثَ الدَّانَاجِ مِنْهُ فَلَمْ أَحْفَظْهُ.

علی بن حجر نے اپنی روایت میں اضافہ کیا: اسماعیل نے کہا: میں نے داناج کی حدیث ان سے سنی تھی لیکن اسے یاد نہ رکھ سکا۔

فوائد و مسائل: [1] ولید کو حضرت علی ؓ نے چالیس کوڑے لگوائے۔ اسی کے بارے میں حضرت علی ؓ نے اشارہ فرمایا کہ چالیس کوڑوں کی تعداد مجھے زیادہ پسند ہے۔ بخاری کی ایک روایت میں اسی کوڑوں کی بات ہے۔ (صحیح البخاري، حدیث: 3696) لیکن حافظ ابن حجر ؒ نے مسلم کی اسی مفصل روایت کو ترجیح دی ہے۔ اور بخاری کی روایت کے الفاظ کو یونس کے شاگرد شبیب بن سعید کا وہم قرار دیا ہے۔ (فتح الباري: 3696) [2] ولید بن عقبہ حضرت عثمان ؓ کے مادری بھائی تھے، یہ ایک باصلاحیت نوجوان تھا۔ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر ؓ نے اسے اپنا کاتب مقرر کیا تھا۔ حضرت عثمان ؓ نے اسے کوفہ کا عامل مقرر کیا۔ طبری نے ایسی روایات بیان کی

ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ اس کے خلاف ان لوگوں نے غلط الزام تراشی کی تھی جو حضرت عثمان ؓ کی خلافت کو پسند نہیں کرتے تھے اور سازشوں کے ذریعے سے امت میں انتشار پیدا کرنے میں لگے ہوئے تھے۔ اس کے خلاف اور بھی غلط الزامات لگائے گئے۔ [3] چونکہ حضرت علی اور حضرت حسن ؓ اس وقت کے حالات سے باخبر تھے اور جانتے تھے کہ کس کس طرح کی الزام تراشیاں اور سازشیں جاری ہیں، اس لیے انھیں تردد تھا کہ وہ اپنے ہاتھوں سے یہ سزا دیں۔ اس وقت کی الزام تراشیوں کی بنا پر اس سزا کا نفاذ ایک انتہائی ناگوار اقدام تھا، اس لیے وہ اس میں شامل ہونا نہ چاہتے تھے۔ دوسری طرف امیر المومنین کے فیصلے کا نفاذ بھی ضروری تھا، اس لیے حضرت علی ؓ نے تردد کے باوجود اپنے بھتیجے عبداللہ بن جعفر ؓ کے ذریعے سے سزا دلوائی لیکن چالیس کوڑوں پر آ کر، جو ان کے نزدیک رسول اللہ ﷺ کی اپنی سنت تھی، انھوں نے یہ سزا رکوا دی اور یہ فرمانا ضروری سمجھا کہ مجھے (اس کیس میں) اتنی ہی سزا دینا زیادہ پسند تھا۔

تاریخ طبری
تاریخ الامم والملوک

جلد سوم

تصنیف: علامہ ابی جعفر محمد بن جریر الطبری المتوفی ۳۱۰ھ

خلافتِ راشدہ حصہ اوّل (۱۱ھ تا ۴۰ھ)

ترجمہ: سید محمد ابراہیم (ایم۔اے) ندوی
حبیب الرحمٰن صدیقی فاضل دیوبند

نفیس اکیڈمی
اردو بازار کراچی

سازش کی تکمیل:

ولید بن عقبہؓ نے انہیں تلاش کرایا مگر ان کا کوئی سراغ نہیں ملا۔ کیونکہ وہ دونوں مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہو گئے تھے آخر کار وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچ گئے۔ ان کے ساتھ وہ لوگ بھی تھے جنہیں ولید نے سرکاری کاموں سے معزول کر دیا تھا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ انہیں پہچانتے تھے جب انہوں نے شکایت کی تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے پوچھا:

مخالفانہ گواہ:

''کون شہادت دے گا؟'' لوگوں نے کہا'' ابوزینب اور ابومواع (گواہی دیں گے) دو مزید افراد نے بھی ان کی تائید کی۔ آپ نے ان دونوں سے پوچھا'' تم دونوں نے کیا ملاحظہ کیا؟'' وہ بولے'' ہم ان کے ساتھ رہنے والے تھے۔ جب ہم ان کے پاس آئے تو وہ شراب کی قے کر رہے تھے''۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا فیصلہ:

شراب کی قے وہی کرتا ہے جو شراب پیتا ہے۔ اس کے بعد انہوں نے ولید بن عقبہ کو بلوایا۔ چنانچہ جب وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو انہوں نے ان دونوں افراد کو وہاں دیکھا۔ انہوں نے حلف اٹھا کر ان لوگوں کی تمام کیفیت بیان کی مگر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

کوڑے کی سزا:

ہم حدود شرعیہ کو قائم کریں گے۔ جھوٹے گواہ کا ٹھکانا جہنم ہے۔ اے میرے بھائی! تم صبر کرو۔ اس کے بعد انہوں نے سعید بن العاص رضی اللہ عنہ کو حکم دیا اور انہوں نے ولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ کو کوڑے مارے اس طرح ان دونوں کی اولاد میں باہمی عداوت پیدا ہوئی جو آج تک باقی ہے۔

اصل واقعہ:

ابوعبیدہ ایادی کی روایت ہے کہ ابوزینب اور ابومواع دونوں ولید بن عقبہ رضی اللہ عنہ کے گھر میں آئے ان کی دو بیویاں تھیں ایک ذوالخمار کی بیٹی تھی اور دوسری ابوعقیل کی بیٹی تھیں۔ اس وقت وہ سوئے ہوئے تھے۔ ان میں سے ایک نے جھک کر ان کی انگوٹھی اتار لی۔

انگوٹھی کی گمشدگی:

جب وہ بیدار ہوئے تو انہوں نے اپنی دونوں بیویوں سے انگوٹھی کے بارے میں دریافت کیا۔ ان دونوں نے کہا'' ہم نے انگوٹھی نہیں لی ہے'' انہوں نے پوچھا'' آخر میں کون رہ گیا تھا؟'' وہ بولیں'' دو اشخاص رہ گئے تھے ایک پست قد کا جو کمبل اوڑھے ہوئے تھا دوسرا لمبا آدمی تھا جو چادر اوڑھے ہوئے تھا۔ ہم نے کمبل والے کو دیکھا کہ وہ آپ پر جھکا ہوا تھا''

مجرم غائب:

وہ بولے:'' وہ ابوزینب تھا'' پھر وہ ان دونوں کی تلاش میں نکلے۔ مگر وہ دونوں روانہ ہو چکے تھے ولید کو یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ ان کا مقصد کیا ہے۔

دربار خلافت میں:

وہ دونوں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے اور سب لوگوں کے سامنے انہوں نے واقعہ بیان کیا۔ آپ نے ولید کو بلوا بھیجا۔ جب وہ آئے تو وہ دونوں وہاں موجود تھے۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان دونوں کو بلوا کر پوچھا:'' تم دونوں کس بات کی شہادت دیتے ہو؟'' کیا تم یہ شہادت دے سکتے ہو کہ تم نے انہیں شراب پیتے ہوئے دیکھا ہے'' انہوں نے کہا'' نہیں'' وہ ڈر رہے تھے۔

کوڑے کی سزا:

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے پوچھا'' پھر کیا دیکھا؟'' وہ بولے'' ہم نے شراب کو ان کی داڑھی سے نچوڑا جب کہ وہ شراب کی قے کر رہے تھے'' اس پر آپ نے سعید بن العاص رضی اللہ عنہ کو حکم دیا اور انہوں نے ولید کو کوڑے مارے۔ اس واقعہ سے ان دونوں کے خاندان میں عداوت پیدا ہوگئی۔

ذخائر العرب
٣٠

تاريخ الطبرى

تاريخ الرسل والملوك

لأبى جعفر محمد بن جرير الطبرى
٢٢٤ – ٣١٠ هـ

الجزء الرابع

تحقيق
محمد أبو الفضل إبراهيم

دار المعارف بمصر

عنه على بن أبى طالب عليه السلام .

كتب إلىّ السّرىّ، عن شعيب ، عن سيف ، عن عُبَيد الطنافسىّ ، عن أبى عبيدة الإيادىّ ، قال : خرج أبو زينب وأبو مورّع حتى دخلا على الوليد بيته ، وعنده امرأتان: بنت ذى الخِمار وبنت أبى عقيل ؛ وهو نائم ، قالت إحداهما : فأكبّ عليه أحدهما فأخذ خاتَمه ، فسألهما حين استيقظ ، فقالتا : ما أخذناه ، قال : مَنْ بقى آخر القوم ؟ قالتا : رجلان ؛ رجل قصير عليه خَميصة ، ورجل طويل عليه مُطَرّف ، ورأينا صاحب الخميصة ١/٢٨٤٩ أكبّ عليك ، قال : ذاك أبو زينب . فخرج يطلبهما ، فإذا هو وجههما عن ملإ من أصحاب لهما ؛ ولا يدرى الوليد ما أرادا من ذلك . فقدما على عثمان ، فأخبراه الخبر على رءوس الناس ، فأرسل إلى الوليد ، فقدم ، فإذا هو بهما. ودعا بهما عثمان ، فقال : بم تشهدان ؟ أتشهدان أنكما رأيتماه يشرب الخمر ؟ فقالا : لا ، وخافا ، قال: فكيف؟ قالا : اعتصرناها من لحيته وهو يقىء الخمر . فأمر سعيدَ بن العاص فجلَده ، فأورث ذلك عداوةً بين أهليهما .

وكتب إلىّ السرىّ ، عن شعيب ، عن سيف ، عن عطيّة ، عن أبى العريف ويزيد الفقعسىّ ، قالا : كان الناس فى الوليد فرقتين : العامّة معه والخاصّة عليه ؛ فما زال عليهم من ذلك خُشوع حتى كانت صِفّين ، فولى معاوية ، فجعلوا يقولون : عيِّب عثمانُ بالباطل، فقال لهم علىّ عليه السلام : إنكم وما تعيّرُون به عثمان كالطاعن نفسَه ليقتل ردْفه ، ما ذنب عثمان فى رجل قد ضرب بفعله[1]، وعزله عن عمله ! وما ذنب عثمان فيما صنع عن أمرنا !

وكتب إلىّ السرىّ ، عن شعيب ، عن سيف ، عن محمد بن كريب ، عن نافع بن جُبَير ، قال : قال عثمان رضى الله عنه: إذا جُلِد الرّجل الحدّ ثم ظهرت توبتُه جازت شهادته .

١/٢٨٥٠ وكتب إلىّ السرىّ ، عن شعيب ، عن سيف ، عن أبى كِبْران ، عن مولاة لهم — وأثنى عليها خيراً — قالت : كان الوليد أدخل على الناس خيراً ،

(١) ط : « بقوله » ، وانظر التصويبات .

English Translation of Jāmi' At-Tirmidhi

English Translation of

Jāmi' At-Tirmidhī

Compiled by:
Imām Hāfiz Abū 'Eisā Mohammad Ibn 'Eisā At-Tirmidhi

Volume 6

From Hadith no. 3291 to 3956

Translated by:
Abu Khaliyl (USA)

Ahādith edited & referenced by:
Hāfiz Abu Tāhir Zubair 'Ali Za'i

Final review by:
Islamic Research Section Darussalam

battle of Badr and took part in the treaty of Hudaibiyah. Allah ﷻ will forgive them and let them enter the Paradise.

3865. 'Abdullāh bin Buraidah narrated from his father, that the Messenger of Allāh ﷺ said: "There is no one among my Companions who dies in a land except that he shall be resurrected as a guide and light for them (people of that land) on the Day of Resurrection." (*Ḍa'īf*)

[Abū 'Eīsā said:] This *Ḥadīth* is *Gharīb*. This *Ḥadīth* has been related from 'Abdullāh bin Muslim Abī Ṭaibah, from Ibn Buraidah, from the Prophet ﷺ in *Mursal* form, and this is more correct.

٣٨٦٥ - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ نَاجِيَةَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُسْلِمٍ أَبِي طَيْبَةَ، عَنْ عَبْدِاللهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: «مَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ أَصْحَابِي يَمُوتُ بِأَرْضٍ إِلَّا بُعِثَ قَائِدًا وَنُورًا لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ».

[قَالَ أَبُو عِيسَى:] هٰذَا حَدِيثٌ غَرِيبٌ. وقَدْ رُوِيَ هٰذَا الحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُسْلِمٍ أَبِي طَيْبَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ مُرْسَلٌ، وهٰذَا أَصَحُّ.

تخريج: [**إسناده ضعيف**] * عثمان بن ناجية مستور (تقريب).

Chapter 59.

(المعجم ٥٩) **بَابٌ** (التحفة...)

3866. Ibn 'Umar narrated that the Messenger of Allāh ﷺ said: "If you see those who abuse my

٣٨٦٦ - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ [مُحَمَّدُ] بْنُ نَافِعٍ: أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ حَمَّادٍ: حَدَّثَنَا سَيْفُ

Companions, then say: 'May Allāh's curse be upon the worst of you.'" (*Ḍa'īf*)

[Abū 'Eīsā said:] This *Ḥadīth* is *Munkar*. We do not know of it as a narration of 'Ubaidullāh bin 'Umar except through this route [and An-Naḍr is unknown, and Saif (narrators in the chain) is unknown].

ابْنُ عُمَرَ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: «إِذَا رَأَيْتُمُ الَّذِينَ يَسُبُّونَ أَصْحَابِي فَقُولُوا: لَعْنَةُ اللهِ عَلَى شَرِّكُمْ».

[قَالَ أَبُو عِيسَى:] هٰذَا حَدِيثٌ مُنْكَرٌ لَا نَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيثِ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ [والنَّضْرُ مَجْهُولٌ وسَيْفٌ مَجْهُولٌ].

تخريج: [**إسناده ضعيف**] وأخرجه المزي في تهذيب الكمال:٨/ ٢٥١ من حديث النضر به * النضر بن حماد: ضعيف (تقريب) وسيف بن عمر: ضعيف في الحديث ضعيف في التاريخ، على الراجح.

Comments:

This is a general principle, that if a wicked and bad man criticizes and abuses a pious person, he himself deserves these remarks.

معاویہ بن ابو سفیان اور حرام مشروب.... حضرت عبد اللہ بن بریدہ رض بیان فرماتے ہیں کہ وہ اپنے والد کے ہمراہ معاویہ بن ابی سفیان کے پاس گئے. تو وہ کھانا پیش کیا گیا. اسکے بعد ایک مشروب لایا گیا. جسے معاویہ بن ابی سفیان نے پیا. اور میرے والد کو پیش کیا.تو انھوں نے منع فرمایا کہ جب سے رسول اللہ(ص) نے اسے حرام قرار دیا ہے تب سے مینے اسے کبھی نہیں پیا.. ((مسند امام احمد بن حنبل))

حکمِ سند ..... شعیب الارناؤط.. اسناده قوی . . . . حمزہ احمد الزین.. اسناده صحیح. .

امام ہیثمی رجالہ رجال الصحیح. . . . . ارشاد الحق الاثری .. اسناده حسن. . . . . مقبل الوداعی ..حدیث حسن.

سید حسن بن علی سقاف .. بسند رجالہ رجال مسلم...

معترض کا سند پر اعتراض... معترض کہتا ہے کہ میں ایک عظیم محدث جنابِ ابویحیٰ نورپوری صاحب کی ویڈیو سن کر آیا ہوں.. جسمیں انھوں نے فرمایا کہ یہ روایت لوگ اسلیئے صحیح کہتے ہیں کیونکہ یہ معاویہ بن ابی سفیان کے خلاف ہے.. ورنہ حقیقت تو یہ ہے کہ اس روایت کی سند ہی قابلِ قبول نہیں ہے. کیونکہ کتاب العلل میں امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں. کہ ابنِ بریدہ سے حسین بن واقد روایت نقل کرتے ہیں. اسمیں سخت نکارت پائی جاتی ہے..لہذا امام احمد بن حنبل کے ہوتے ہوئے ہم کسی اور کا حکم کیوں مانیں.. اور شعیب الارناؤط نے جو اس سند کو قوی کہا تو ان تک امام احمد بن حنبل کی یہ جرح نہیں پہنچی ہو گی...

جواب.... جی حسین بن واقد کی روایات منکر ہیں. اور اسکی تصریح ابنِ حبان نے فرمائی ہے. کہ حسین بن واقد عن ایوب عن نافع عن ابنِ عمر رض کی سند کی تمام روایات منکر ہیں....

اور جو روایت مسند امام احمد بن حنبل میں ہے اسکی سند یہ نہیں ہے.. بلکہ اسکی سند حسین بن واقد عن ابنِ بریدہ ہے... اور اس سند کے صحیح ہونے کے 6 حوالہ جات اوپر لکھدیئے گئے ہیں.. لیکن معترض کہتا ہے کہ نہیں جب ابویحیٰ نورپوری صاحب نے امام احمد بن حنبل کی جرح نقل کر دی ہے. تو بس حسین بن واقد عن ابنِ بریدہ کی سند کی روایت سخت منکر ہے.....

تو ہم پوچھتے ہیں کہ کیا اس سند کی ہر روایت سخت منکر ہے. اگر ایسا ہے تو یہ سند تو امام مسلم نے صحیح المسلم میں نقل کی ہے. تو کیا وہ بھی منکر ہے.. ذرا سے تعجب و اندازے سے معترض بولا کہ وہ روایت تو امام مسلم متابعت میں لائے ہونگے.. ہم معترض سے پوچھتے ہیں. کہ کبھی ابویحیٰ نورپوری صاحب سے پوچھنا کہ کیا منکر روایت صحیح روایت کی متابعت میں آتی ہے.. منکر تو ہوتی ہی وہ ہے جو صحیح روایت کے خلاف ہو. اگر صحیح روایت کیمطابق ہو تو منکر کیسے ہو گی.. .

. ہم ابویحیٰ نورپوری صاحب سے گزارش کرتے ہیں. کہ آپ نے یقیناً اپنے استادِ محترم حافظ زبیر علی زئی صاحب کی کتابوں کا مطالعہ تو ضرور کیا ہو گا.. اگر نہیں کہا تو آج ہم آپکو سیر کراتے ہیں...

حافظ زبیر علی زئی فرماتے ہیں. کہ تہذیب التہذیب میں ایک راوی مختار بن فلفل کے متعلق لکھا ہے. کہ یہ راوی روایات میں اکثر غلطی کرتا ہے. سلیمان نے کہا کہ یہ راوی حضرت انس بن مالک رض سے منکر روایات بیان کرنے والا ہے...لہذا یہ روایت ناقابلِ قبول ہے((جلد 3 صفحہ 484))... تو اس اعتراض کا جواب حافظ زبیر علی زئی صاحب لکھتے ہیں.... ((یعنی جیسی جرح حسین بن واقد والی سند پر کی گئی ہے اب ویسی ہی ایک جرح پر حافظ زبیر علی زئی صاحب کی تحقیق کا مطالعہ کرتے ہیں)).....

حافظ زبیر علی زئی صاحب لکھتے ہیں.. کہ مختار بن فلفل عن انس بن مالک رض کی روایت کو درج زیل محدثین نے قبول کیا ہے.. امام ترمذی ..حسن صحیح. . . . . امام حاکم صحیح الاسناد و امام ذھبی صحیح الاسناد. . . . . .امام خزیمہ نے صحیح میں امام ابنِ حبان نے صحیح میں اور ضیاء المقدسی نے الاحادیث المختارہ میں امام مسلم نے صحیح مسلم میں امام ابنِ ملقن نے امام بوصیری نے ابنِ حجر اور ابنِ جزری نے صحیح قبول کیا ہے..

اب نتیجتاً حافظ زبیر علی زئی صاحب لکھتے ہیں.... کہ اگر سلیمان کی جرح اس سند پر ثابت ہو جائے کہ مختار بن فلفل عن انس رض کی روایت منکر ہے تو بھی یہ جرح جمہور کی توثیق و تصحیح اور توثیقِ خاص کیخلاف ہے...اسلیئے یہ جرح مردود ہے......((مقالات جلد 3 صفحہ 489))

حافظ زبیر علی زئی ایک مقام پر فرماتے ہیں... کہ امام بخاری کی جرح ہے. لا نعرف سماعہ من ابی قتادہ.. لیکن اسکے باوجود یہ روایت یہ سند صحیح ہے.. کیونکہ امام مسلم ..امام ابنِ خزیمہ .. امام ابوعوانہ.. امام ابنِ حبان .. امام بغوی.. امام ابنِ عبد البر نے اس سند کو صحیح قبول کیا ہے.. لہذا جمہور کے مقابلے میں اس روایت پر منکر. معلول. منقطع. اور لا یعرف سماعہ کی سب جرحیں مردود ہیں....((مقالات جلد 6 صفحہ))

حسین بن واقد عن ابنِ بریدہ کی سند پر محدثین کا حکم.....

اب ہم معترض کو ابویحیٰ نورپوری صاحب کی نقل کردہ ایک جرح کے مقابلے میں دکھاتے ہیں.. کہ دیگر محدثین کی اس سند پر رائے کیا ہے....

امام یحیٰ بن معین سے پوچھا گیا. کیا حسین بن واقد عن ابنِ بریدہ عن ابیہ کی سند صحیح ہے. تو وہ فرماتے ہیں اسمیں کوئی حرج نہیں. وہ ثقہ ہے یعنی حسین بن واقد((امام ابنِ حجر العسقلانی))...

یہ سند اصح الاسناد ہے....((یعنی یہ سند صحیح ترین سند ہے))..

امام حاکم ((معرفة العلوم الحدیث)) اور احمد شاکر ((شرح اختصار علوم الحدیث) ...

حسین بن واقد عن ابنِ بریدہ کی سند کو محدثین نے صحیح کہا......

سنن ترمذی حدیث 2621 حکم امام ترمذی حدیث حسن صحیح........... امام ابنِ حبان اپنی صحیح میں حدیث 7086................امام ابنِ خزیمہ اپنی صحیح میں حدیث 1801..1802................ امام ابنِ کثیر فی التفسیر ابنِ کثیر سورہ لقمان آیت 34 حدیث صحیح الاسناد................... امام ابنِ الملقن فی التحفة المحتاج الی ادلہ المنہاج حدیث 750 .... امام مغلطائی فی الشرح سنن ابنِ ماجہ تحقیق کامل عویضہ صفحہ 1404 .... امام سخاوی فی الاجوبة المرضیہ فیما سئل عنہ من الاحادیث النبویہ صفحہ 818 قال الذی صحیہ غیر واحد من الائمہ..........امام ابنِ حجر عسقلانی فی الھدایة الرواة الی تخریج الاحادیث المصابیح تحقیق و تخریج امام البانی جلد اول حدیث 546........................ محمد مصطفیٰ الاعظمی فی التحقیق صحیح ابنِ خزیمہ جلد 3 روایت 1801 اسنادہ حسن....................... مصطفیٰ العدوی فی الصحیح المسند من الاحادیث الفتن والملاحم صفحہ 189 ....امام ابنِ باز فی الفتاویٰ نور علی الدب صفحہ 734........ایضاً فی الفتاویٰ اللجنہ الدائمہ للبحوث العلمیہ والافتاء فتویٰ 5703 اسنادہ صحیح.............. عبد اللہ المنشاوی فی التحقیق کتاب

الصلاۃ و حکم تارکھا صفحہ 26..............................حافظ زبیر علی زئی فی التحقیق سنن الترمذی حدیث 2621......................غلام مصطفیٰ ظہیر فی التحقیق و التخریج الخصائص علی للنسائی حدیث 123...........................

حسین بن واقد عن ابنِ بریدہ والی سند صحیح علی شرطِ مسلم ہے.............

امام ابنِ تیمیہ فی الشرح العمدہ جلد 2 صفحہ 74................. امام ابنِ قیم الجوزی فی الکتاب الصلاۃ و حکم تارکھا صفحہ 26..25....................امام البانی فی التحقیق و تخریج الایمان حدیث 46.................... شعیب الارناؤط فی التحقیق و تخریج صحیح ابنِ حبان حدیث 7086................. مقبل بن ھادی الوادعی فی الصحیح مما لیس فی الصحیحین حدیث 171...............

حسین بن واقد عن ابنِ بریدہ کی سند صحیح علی شرط الشیخین ہے..........

امام الحاکم فی المستدرک جلد 2 حدیث 2705........ امام ذہبی فی التلخیص مستدرک ....

ان شاءاللہ اتنے ہی حوالہ جات پر اکتفاء کیجاتی ہے.... اب ہم معترض سے کہتے ہیں.. کہ وہ جا کر ابویحیٰ نورپوری صاحب سے پوچھے کہ آپنے فرمایا تھا.. کہ رافضی و نیم رافضی افراد یہ روایت پیش کر کے معاویہ بن ابوسفیان پر ایک بہتان لگاتے ہیں..جھوٹ بولتے ہیں..... تو اب کیا یہ سب محدثین جو اس سند کو صحیح قرار دیتے ہیں.. کیا وہ رافضی و نیم رافضی و جھوٹے ہیں..... اگر اسکی سند صحیح ہے تو پھر اسے پیش کرنا رافضیت و نیم رافضیت و جھوٹ کیسے ہو گیا...

المختصر.......... اب ہم حافظ زبیر علی زئی صاحب کے کلمات ہی لکھتے ہیں... جو اوپر نکل کیئے جا چکے....

کہ جمہور محدثین کی توثیق و تصحیح و توثیقِ خاص کے بعد اس سند پر معلول و منکر و منقطع و لایعرف سماعہ ہی جرح مردود ہے............

اور حافظ ابویحیٰ نورپوری صاحب کو مشورہ دیتے ہیں کہ وہ اپنے استاد غلام مصطفیٰ ظہیر صاحب سے ہی رجوع فرما لیں جنھوں نے اس سند کو صحیح قرار دیا........ اور تخریج میں اسی سند پر صحیح علی شرط الشیخین و واقفہ ذھبی کا حوالہ بھی دیا...... مگر اعتراض نہیں کیا.............. اب جب اسی سند سے معاویہ بن ابی سفیان کا ایک گناہ عیاں ہو تو ہم زبردستی کی شاز جراح نکل کر کے اس سند کو ضعیف قرار نہیں دے سکتے........

متن پر گفتگو.........

معترض کہتا ہے کہ خدا کے بندوں آپکو عربی نہیں آتی.... مسند امام احمد بن حنبل والی روایت میں مشروب کا لفظ آیا اور آپنے اسے اردو والا شراب سمجھ لیا.. جبکہ ابویحیٰ نورپوری صاحب نے تو وضاحت فرمائی ہے کہ مشروب طاہر بھی ہوتا ہے جسکا زکر قرآن میں بھی موجود ہے کہ وہ اھل بہشت کیلیئے ہو گا...

ہم جواباً عرض کرتے ہیں کہ قبلہ محترم ہمارا دعویٰ کب ہے کہ مشروب کا ترجمہ شراب بمعنیٰ خمر ہے. ہمارا تو دعویٰ یہ ہے. کہ معاویہ بن ابی سفیان نے جو مشروب پیا وہی مشروب صحابی حضرت بریدہ رض کو پیش کیا. تو انھوں نے فرمایا کہ جب سے یہ مشروب نبی(ص) نے حرام کیا اسوقت سے مینے یہ مشروب نہیں پیا.. تو مشروب کا ترجمہ ابویحیٰ نورپوری صاحب جو بھی کریں.. ایک

صحابی نے بتا دیا کہ وہ مشروب طاہر نہیں تھا ورنہ اللہ کے نبی(ص) اسے حرام قرار نہ دیتے......

معترض کہتا ہے کہ بھائی حضرت بریدہ رض کو حرام مشروب پیش نہیں کیا گیا. بلکہ وہ مشروب پاک ہی تھا دودھ تھا. لیکن حضرت بریدہ رض کو ایسا معلوم ہوا کہ یہ حرام مشروب ہے...ہم جواباً عرض کرتے ہیں. کہ محترم یہاں سے معلوم ہوا کہ آپ صحابی کی کتنی تعظیم کرتے ہیں... کیا حضرت بریدہ رض صحابی نہیں ہیں. .کیا انھیں معلوم نہیں ہے کہ میرے جو معاویہ بن ابی سفیان میزبان کے فرائض انجام دے رہے ہیں. وہ بھی نبی(ص) کی صحبت میں رہ چکے ہیں.. تو بھلا وہ میرے سامنے حرام مشروب کیوں پئیں گے اور ہمیں کیوں پیش کرینگے.... اس فکر کے بعد بھی کیا یہ ممکن ہے کہ وہ تصدیق کیئے بغیر ایک اس مشروب کو نبی(ص) کی حدیث سے حرام قرار دیں.... اور تصدیق کیلیئے کسی لیبارٹری کی ضرورت نہیں صرف رنگ دیکھ کر معلوم ہو سکتا ہے .....شراب اور دودھ کا نہ رنگ ایک جیسا ہوتا نہ ذائقہ نہ خوشبو...یا شک کیصورت میں پوچھنے پر بھی معلوم ہو سکتا ہے کہ یہ مشروب کیا ہے.... کیا آج ممکن ہے کہ حافظ ابویحیٰ نورپوری صاحب اپنے استاد غلام مصطفیٰ ظہیر صاحب سے ملنے جائیں وہ انھیں ایک مشروب دیں تو ابویحیٰ نورپوری صاحب فوراً کہیں کہ نہیں میں یہ مشروب نہیں پی سکتا کیونکہ شریعیت نے اسے حرام قرار دیا ہے... جب یہ ممکن نہیں تو کیوں ممکن نہیں!!؟ اگر یہ بات ناممکن و نامعقول ہے تو پھر حضرت بریدہ رض سے ایسی بات منسوب کیونکر کی جا سکتی ہے.. کہ انھوں نے میزبانی و صحابیت و حسنِ ظن کو پسِ پشت ڈالا اور بغیر تصدیق و سوال کے سب کے سامنے اس مشروب کو بانصِ حدیث حرام قرار دیا.......... اس سے آگے بڑھتے ہیں.. کہ اگر حضرت بریدہ رض نے غلط فہمی میں اس پاک مشروب کو حرام قرار دیا. تو کیا معاویہ بن ابی سفیان نے جواباً یہ کہا کہ اے بریدہ رض میں آپکو دودھ دے رہا ہوں آپ فرما رہے

ہیں کہ نبی(ص) نے اس مشروب کو حرام قرار دیا ہے تو بھلا کب نبی(ص) نے دودھ کو حرام قرار دیا ہے... زرا اسکی وضاحت فرمائیں... اور یہ منطقی بات ہے.. کہ آج اگر ابویحیٰ نورپوری صاحب کے سامنے ایک گلاس میں مشروب پڑا ہو اور کوئی شخص سب کے سامنے کہہ دے کہ اس گلاس کے مشروب کو نبی(ص) نے حرام قرار دیا ہے.. تو ابویحیٰ نورپوری صاحب کا پہلا اقدام یہی ہو گا.. کہ وہ بتائینگے کہ اس گلاس میں تو پانی یا دودھ یا شربت ہے.. اب آپ بتایئے کہ بھلا نبی(ص) نے اسکو کب حرام قرار دیا ہے..........جبکہ معاویہ بن ابی سفیان کو نہ تعجب ہوا نہ ہی انھوں نے وضاحت کی نہ ہی وضاحت طلب کی.... یعنی وہ حضرت بریدہ رض کے فرمان سے مطمئن ہوئے... کہ انکا اس مشروب کو حرام کہنا مغالطے کی بنا پر نہیں ہے.....


